https://newsroom.churchofjesuschrist.org/article/new-guide-to-help-implement-september-6-class-schedule-changes

یہ مَواد صرف ایسے افراد اور اداروں کے لیے ہے جو مسیحی عقیدے اور اِس کے فرقوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ اِس کا مقصد اسلامی عقیدے یا کسی دُوسری مذہبی روایات پر عمل کرنے والے افراد سے تبدیلی کی درخواست کرنا یا ایسا کرنے کی حوصلہ افزائی کرنا نہیں ہے، اور نہ ہی کسی کمیونٹی کے مذہبی جذبات کو مجروح کرنا یا ٹھیس پہنچانا ہے۔

# 6 ستمبر کو کلاسوں کے شیڈول میں ہونے والی تبدیلیوں پر عمل درآمد میں مدد کے لیے نیا راہ نُما کِتابچہ

تربیتی ویڈیوز اگست میں Sunday.ChurchofJesusChrist.org پر دستیاب ہوں گی



ینگ مین اور ینگ وومن مِلواکی، وِسکونسِن میں، کلِیسیائے یِسُوع مسِیح برائے مُقدّسِینِ آخِری ایّام کی عِبادت گاہ میں سنڈے سکول کی کلاس میں شریک ہیں۔

کلِیسیائے یِسُوع مسِیح برائے مُقدّسِینِ آخِری ایّام نے ایک نافِذ العمل راہ نُما کِتابچہ جاری کِیا ہے جس کا مقصد اَرکان اور راہ نُماؤں کی 6 ستمبر 2026 سے شُروع ہونے والی سنڈے کلاس کے شیڈول میں تبدیلیوں کی تیاری میں مدد کرنا ہے۔

صدارتِ اَوّل کی جانب سے 30 مارچ 2026 کو اِعلان کردہ تبدیلیوں میں ہفتہ وار 25 مِنٹ کی سنڈے سکول، ریلیف سوسائٹی، ایلڈرز کورم، ینگ وومن اور ہارُونی کہانت کی جماعت کی میٹنگز اور نوجوانوں کے اَسباق شامِل ہیں۔ نوجوانوں کے لیے ایک نیا نِصاب بھی مُتعارف کرایا گیا جو "برائے مضبُوطیِ نوجوانان: اِنتخابات کرنے کے لیے ہدایت نامہ" کے تازہ ترین ورژن پر مبنی ہے۔

راہ نُما کِتابچہ کے مُطابق، "یہ محض شیڈول کی تبدیلی سے بڑھ کر ہے؛ یہ خُوشگوار، مسِیح پر مرکُوز عِبادت کی دعوت ہے—جو ہمارے گھر پر مرکُوز، کلِیسیائی مُعاونت والے نمُونے کی تجدید کرتی ہے اور عہد کی وابستگی کو مضبُوط بناتی ہے۔"



6 سِتمبر کو بروز اِتوار کی کلاسوں کے نئے شیڈول پر عمل درآمد کرنے کے طریقے ایک نئی جاری کردہ نافِذ العمل راہ نُما کِتابچہ میں موجُود ہیں۔ ویڈیوز اگست میں Sunday.ChurchofJesusChrist.org پر دستیاب ہوں گی۔

## اگست کا پہلا ہفتہ

نافِذ العمل کِتابچہ کے عِلاوہ، تربیتی ویڈیوز اور دیگر وسائل اگست کے پہلے ہفتے میں sunday.ChurchofJesusChrist.org پر دستیاب ہوں گے۔

## زُبانیں

یہ راہ نُما کِتابچہ سِبوانو، چینی—سادہ، چینی—روایتی، چیک، ڈینش، ڈچ، اَنگریزی، فِنِش، فرانسیسی، جرمن، ہنگری، اَطالوی، جاپانی، کورین، نارویجن، پُرتگالی (برازیل)، پُرتگالی (یورپی)، رُوسی، سموآن، ہسپانوی، سوِیڈش، تگالو، ٹونگن اور یُوکرائنی زُبانوں میں دستیاب ہے۔

دیگر زُبانوں کے لیے، راہ نُما کِتابچہ میں دی گئی ہدایات اور 25 جُون، 2025 کو کلِیسیا کے مقامی قائدین کو بھیجے گئے نوٹس پر عمل کریں۔

## 30 اگست، بروز اِتوار

30 اگست، بروز اِتوار کو، نوجوان (بشمُول پرائمری کے بچّے جو کہ 2027 میں 12 سال کے ہوں گے)، اُن کے والدین اور نوجوانوں کے قائدین، نافِذ العمل راہ نُما کِتابچہ کے سیکشن 3 پر تبادلہِ خیال کریں گے اور نئے نِصاب کے بارے میں مزید جانیں گے کہ "برائے مضبُوطیِ نوجوانان ہدایت نامہ" اور میگزین کا اِستعمال کیسے کرنا ہے۔ (خاندان اور نوجوانوں کے قائدین "برائے مضبُوطیِ نوجوانان" میگزین کے پرنٹ ورژن کے لیے magazines.ChurchofJesusChrist.org پر سبسکرائب کر سکتے ہیں یا اِسے گاسپل لائبریری میں مُلاحظہ کر سکتے ہیں۔)



مُقدّسینِ آخِری ایّام کے ینگ مین، پیرُو میں کلاس میں شِرکت کر رہے ہیں۔

بالغین پانچویں اِتوار کی میٹنگ میں شِرکت کریں گے، اور پرائمری اپنے حسبِ معمُول شیڈول کی پیروی کرے گی۔

## 6 سِتمبر، بروز اِتوار

6 سِتمبر، بروز اِتوار کو نوجوان اور بالغِین 25 مِنٹ کی سنڈے سکول کلاسوں میں شِرکت کریں گے، جہاں وہ دو ویڈیوز دیکھیں گے: "سنڈے سکول" اور "سبت اور عِشائے ربّانی کی عِبادت۔" ویڈیوز دیکھنے کے بعد، وہ نافِذ العمل راہ نُما کِتابچہ کے سیکشن 1، 2 اور 4 پر گُفت و شُنید کریں گے۔



ایک مُعلم کلِیسیائے یِسُوع مسِیح برائے مُقدّسِینِ آخِری ایّام کی بالغِین کے لیے سنڈے سکول کی کلاس کی ہدایت کرتا ہے۔

ریلیف سوسائٹی اور ایلڈرز کورم کی 25 مِنٹ کی میٹنگز کے دوران، بالغِین "ریلیف سوسائٹی اور ایلڈرز کورمز" ویڈیو دیکھیں گے، اور پھر نافِذ العمل راہ نُما کِتابچہ کے سیکشن 5 پر تبادلہِ خیال کریں گے۔

پچھلے ہفتے تبدیلیوں پر گُفتگُو کرنے کے بعد، نوجوان نئے نِصاب کا اِستعمال شُروع کریں گے۔

پرائمری حسبِ معمُول اپنے شیڈول کی پیروی کرے گی، جو اَب 55 مِنٹ کی ہوگی۔